احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

پیر 24 نومبر 2008ء

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 24 نومبر 2008ء 25 ذیقعد 1429 ہجری 24 نبوت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 269

شہید ہو گیا

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ ایک جنگ کے موقع پر کہہ رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت کے دروازے تلواروں کے سایہ تلے ہیں۔ایک شخص نے جو دیکھنے میں پراگندہ حال تھا ابوموسیٰؓ سے پوچھا کہ کیا تم نے رسول اللہؐ کو یہ خود فرماتے ہوئے سنا ہے۔اس پر ابوموسیٰ نے کہا ہاں۔ یہ سن کر وہ آدمی اپنے ساتھیوں کے پاس گیا اور انہیں سلام کہہ کر اپنی تلوار کے میان کو توڑ دیا اور لڑتا ہوا شہید ہو گیا۔

(جامع ترمذی ابواب فضائل الجہاد باب ان ابواب الجنة حدیث نمبر:1583)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جن کو اللہ تعالیٰ دنیا میں تکالیف دیتا ہے اور جو لوگ خود خدا تعالیٰ کے لئے دکھ اٹھاتے ہیں۔ان دونوں کو خدا تعالیٰ آخرت میں بدلہ دے گا۔ دنیا تو چلنے کا مقام ہے' رہنے کا نہیں۔ اگر کوئی شخص سارے سامان خوشی کے رکھتا ہے' تو خوشی کا مقام نہیں۔ یہ سب آرام اور دکھ ختم ہونے والے ہیں اور اس کے بعد ایک ایسا جہان آنے والا ہے جو دائمی ہے۔ جو لوگ اس مختصر جہاں میں انسانی بناوٹ میں فرق اور کمی بیشی دیکھ کر دوسرے جنم کے گناہوں اور عملوں پر محمول کر لیتے ہیں وہ غلطی پر ہیں۔ وہ یہ معلوم نہیں کرتے کہ آخرت کا ایک بڑا جنم آنے والا ہے اور جن کو خدا تعالیٰ نے پیدائش میں کوئی نقص عطا کیا ہے اور جن لوگوں نے اپنے آپ کو خود بخود خدا تعالیٰ کی رضا مندی حاصل کرنے کے لئے دکھوں میں ڈال دیا ہے ان دونوں کو وہاں چل کر بدلہ ملے گا۔ یہ جہان تو تخم ریزی کا جہان ہے اور ایسے مواقع حاصل کرنے کے واسطے ہے۔ جن سے خدا تعالیٰ راضی ہو۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 72)

حضور انور کا دورہ بھارت اور دعاؤں کی تحریک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ فرمودہ 21 نومبر 2008ء میں فرمایا:۔

"قادیان کے جلسہ کے لئے دعا کریں کہ ہر لحاظ سے کامیاب اور بابرکت ہو۔ اللہ تعالیٰ ہر شر سے ہر احمدی کو محفوظ رکھے، اللہ تعالیٰ تمام جانے والوں کو ہر طرح اپنی حفاظت میں رکھے، مستقل دعائیں کرتے رہیں اور جو قادیان میں رہنے والے ہیں ان کو بھی اللہ تعالیٰ ہر قسم کے شرور سے محفوظ رکھے۔ ہندوستان ایک بڑا وسیع ملک ہے اور غریب لوگ ہیں اس لئے نہیں آسکتے تو بعض دوسرے شہروں میں بھی جانے کا پروگرام ہے۔ اللہ تعالیٰ ان جگہوں کے پروگرام بھی ہر لحاظ سے کامیاب فرمائے اور میرا یہ دورہ بیشمار برکات کا حامل ہو اور ان کو سمیٹنے والا ہو اور ہم جماعت کی ترقی ہمیشہ دیکھتے چلے جائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہماری پردہ پوشی فرمائے اور کبھی ہم اس کے فضلوں اور رحمتوں سے محروم نہ رہیں"۔

احباب جماعت اپنے جان سے پیارے آقا کو ہر دم اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ ہر آن اور ہر لحظہ حضور انور کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ صحت و سلامتی والی لمبی عمر عطا فرمائے اور اس تاریخی دورہ کے نیک اور بابرکت نتائج ظاہر فرمائے۔ آمین

مکرم چوہدری محمد غضنفر چٹھہ صاحب انسپکٹر نظارت مال آمد کو بورے والا ضلع وہاڑی میں راہ مولیٰ میں قربان کر دیا گیا

۞ احباب جماعت کو یہ افسوسناک خبر دی جاتی ہے کہ مکرم چوہدری محمد غضنفر چٹھہ صاحب آف چک 543 ای۔بی ضلع وہاڑی انسپکٹر نظارت مال آمد مورخہ 18 نومبر 2008ء کو بورے والا ضلع وہاڑی میں دو نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ کی وجہ سے راہ مولیٰ میں قربان ہو گئے۔ آپ اپنے دفتر کی طرف سے ضلع وہاڑی کا دورہ کر رہے تھے کہ دو نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے آپ سے بیگ چھیننے کی کوشش کی۔ آپ کی مزاحمت پر انہوں نے آپ پر فائر کیا۔ آپ کی عمر 56 سال تھی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ مورخہ 21 نومبر 2008ء میں آپ کی قربانی کا ذکر کیا اور آپ کے تعارف کے بعد فرمایا "اس لحاظ سے بھی میں اس کو جماعتی شہادت سمجھتا ہوں کہ میرا خیال ہے کہ بیگ میں بھی جماعتی سامان اور چیزیں اور کاغذات تھے اور ہو سکتا ہے کہ رقم بھی ہو۔ اس لحاظ سے جماعتی شہادت بھی کہلا سکتی ہے صرف ڈکیتی کی شہادت نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سے مغفرت کا سلوک فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔"

آپ کے والد کا نام مکرم چوہدری نور محمد چٹھہ صاحب ہے۔ آپ یکم فروری 1952ء کو پیدا ہوئے۔ آپ نے 1970ء میں میٹرک کیا اور جامعہ احمدیہ میں داخل ہوئے۔ بعد میں نظارت مال آمد میں یکم ستمبر 1982ء کو تقرر ہوا اور اس شعبہ میں 26 سال خدمت سرانجام دینے کے بعد راہ مولیٰ میں قربان ہوئے۔

آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے۔ آپ کی نماز جنازہ مورخہ 21 نومبر 2008ء کو نماز جمعہ کے بعد بیت اقصیٰ ربوہ میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے پڑھائی اور عام قبرستان میں امانتاً تدفین کے بعد دعا بھی محترم صاحبزادہ صاحب نے ہی کرائی۔ آپ نے بیوہ کے علاوہ ایک بیٹا عزیزم مکرم عبدالحی چٹھہ صاحب متعلم جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ اور تین بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ ایک بیٹی ایم اے اور دوسری ایف اے میں زیر تعلیم ہے۔ آپ کے دو بھائی مکرم مظفر احمد چٹھہ صاحب جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ ہوخ ٹونس جرمنی اور مکرم محمد انور چٹھہ صاحب جنرل سیکرٹری ہمبرگ جرمنی ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین۔

☆☆☆☆☆☆☆

دارالضیافت میں قربانی

۞ بیرون ربوہ نیز بیرون پاکستان سے ایسے احباب جو جماعتی نظام کے تحت عید کے موقع پر مرکز سلسلہ میں قربانی کروانے کے خواہشمند ہوں وہ اپنی رقوم بتفصیل ذیل جلد از جلد خاکسار کو بھجوا دیں۔

قربانی بکرا	7000/- روپے
قربانی حصہ گائے	3500/- روپے

(نائب ناظر ضیافت ربوہ)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

28 نومبر 2008ء

- 1-30 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 2-00 am ترجمۃ القرآن
- 3-00 am ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
- 4-00 am گلشن وقف نو
- 5-00 am تلاوت، بین الاقوامی خبریں
- 5-55 am ہمارے کچن سے آپ تک
- 6-35 am لقاء مع العرب
- 7-45 am دورہ حضور انور جرمنی
- 9-10 am ترجمۃ القرآن
- 10-15 am مشاعرہ
- 11-10 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 12-00 pm براہ راست نشریات کیلیکٹ کیرالہ انڈیا
- 12-45 pm براہ راست خطبہ جمعہ
- 2-00 pm حضور انور کے ساتھ ملاقات پروگرام
- 3-05 pm انڈونیشین سروس
- 4-05 pm سیرت صحابہ رسول ﷺ
- 4-45 pm تلاوت، ایم۔ٹی۔اے خبریں
- 5-25 pm کیلیکٹ کیرالہ انڈیا سے دوبارہ
- 6-00 pm خطبہ جمعہ دوبارہ ٹیلی کاسٹ
- 7-35 pm درس حدیث
- 7-45 pm بنگلہ سروس
- 8-40 pm کارروائی نشر مکرر
- 9-10 pm خطبہ جمعہ دوبارہ
- 10-10 pm نشریات دوبارہ ٹیلی کاسٹ
- 10-55 pm کچھ یادیں، کچھ باتیں
- 11-30 pm عربی سروس

29 نومبر 2008ء

- 1-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 2-05 am خطبہ جمعہ
- 4-05 am اردو ملاقات
- 5-10 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 6-15 am فرنچ سیکھئے
- 6-40 am لقاء مع العرب
- 7-40 am خبریں
- 8-55 am خطبہ جمعہ
- 11-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 1-05 pm گلشن وقف نو
- 2-00 pm خطبہ جمعہ
- 3-00 pm انڈونیشین سروس
- 4-00 pm فرنچ سروس
- 4-45 pm آرٹ کلاس
- 5-00 pm تلاوت، خبریں
- 6-00 pm بنگلہ سروس
- 7-00 pm انتخاب سخن
- 8-00 pm گلشن وقف نو
- 9-00 pm رپورٹنگ
- 10-00 pm سوال و جواب
- 11-10 pm آرٹ کلاس
- 11-30 pm عربی سروس

30 نومبر 2008ء

- 1-40 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 2-10 am گلشن وقف نو
- 3-00 am مشاعرہ
- 3-55 am خطبہ جمعہ
- 5-05am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 6-30 am لقاء مع العرب
- 7-35 am سیرت رفقاء حضرت مسیح موعود
- 8-30 am خطبہ جمعہ
- 9-30 am مشاعرہ
- 10-30 am آرٹ کلاس
- 11-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 12-05 pm گلشن وقف نو
- 1-05 pm ناصرات Soccer
- 1-20 pm سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
- 1-50 pm عربی سیکھئے
- 2-25 pm دورہ حضور انور
- 2-50 pm انڈونیشین سروس
- 4-00 pm سپینش سروس
- 5-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 6-00 pm بنگلہ سروس
- 7-05 pm خطبہ جمعہ
- 8-10 pm گلشن وقف نو
- 9-10 pm نشر مکرر
- 9-25 pm دورہ حضور انور
- 10-00 pm عربی سیکھئے
- 10-35 pm سوال و جواب
- 11-30 pm عربی سروس

یکم دسمبر 2008ء

- 1-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 2-10 am گلشن وقف نو
- 3-20 am ناصرات Soccer
- 3-35 am دورہ حضور انور
- 4-10 am سیرت النبی ﷺ
- 5-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 6-00 am ناصرات Soccer
- 6-50 am لقاء مع العرب
- 7-30 am خطبہ جمعہ
- 8-40 am عربی سیکھئے
- 9-30 am سوال و جواب
- 10-20 am سیرت النبی ﷺ
- 11-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 12-00 pm چلڈرنز کلاس
- 1-00 pm فرنچ پروگرام
- 1-40 pm سپاٹ لائیٹ
- 2-15 pm فرنچ سروس
- 3-10 pm انڈونیشین سروس
- 4-25 pm طب وصحت
- 4-55 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 5-55 pm بنگلہ سروس
- 6-55 pm خطبہ جمعہ
- 7-55 pm سپاٹ لائیٹ
- 8-30 pm طب وصحت
- 9-10 pm چلڈرنز کلاس
- 10-30 pm فرنچ ملاقات
- 11-30 pm عربی سروس

2 دسمبر 2008ء

- 12-30 am لقاء مع العرب
- 1-30 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 2-00 am چلڈرنز کلاس
- 3-15 am خطبہ جمعہ
- 4-00 am سپاٹ لائیٹ
- 5-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 6-00 am فرنچ پروگرام
- 7-35 am لقاء مع العرب
- 8-35 am خطبہ جمعہ
- 9-45 am طب وصحت
- 10-25 am سپاٹ لائیٹ
- 11-00 am تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
- 12-00 pm بستان وقف نو
- 1-15 pm سوال و جواب
- 2-15 pm انٹرویو
- 3-00 pm انڈونیشین سروس
- 4-00 pm سندھی سروس
- 5-00 pm تلاوت، درس، خبریں
- 6-00 pm بنگلہ پروگرام
- 7-00 pm جلسہ سالانہ قادیان 2007ء
- 8-15 pm بستان وقف نو
- 9-25 pm سوال و جواب
- 10-25 pm انتخاب سخن
- 11-30 pm عربی سروس

3 دسمبر 2008ء

- 12-30 am عربی سروس
- 1-30 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 2-00 am بستان وقف نو
- 3-15 am جلسہ سالانہ قادیان 2007ء
- 4-30 am انٹرویو
- 5-00 am تلاوت، درس، خبریں
- 6-15 am عربی سیکھئے
- 6-30 am لقاء مع العرب
- 8-00 am انٹرویو
- 8-30 am سوال و جواب
- 9-45 am جلسہ سالانہ قادیان 2007ء
- 11-05 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 12-10 pm گلشن وقف نو
- 1-10 pm سیرت حضرت مسیح موعود
- 1-55 pm سوال و جواب
- 3-00 pm انڈونیشین پروگرام
- 4-00 pm سواحیلی سروس
- 5-05 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
- 6-00 pm بنگلہ پروگرام
- 7-05 pm خطبہ جمعہ
- 8-00 pm تقریر جلسہ سالانہ
- 8-25 pm گلشن وقف نو
- 9-25 pm سپورٹس
- 10-10 pm لجنہ میگزین
- 10-30 pm سوال و جواب
- 11-30 pm عربی سیکھئے

4 دسمبر 2008ء

- 12-35 am لقاء مع العرب
- 1-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
- 2-10 am گلشن وقف نو
- 3-10 am تقریر جلسہ سالانہ
- 3-35 am سپورٹس
- 4-15 am خطبہ جمعہ
- 5-00 am تلاوت، خبریں، تبصرے
- 6-00 am ہماری کائنات
- 6-30 am لقاء مع العرب
- 7-35 am انٹرویو
- 8-35 am صد سالہ خلافت جوبلی پروگرام
- 8-50 am خطبہ جمعہ
- 9-55 am لجنہ میگزین
- 10-25 am تقریر جلسہ سالانہ
- 11-00 am تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
- 12-00 pm گلشن وقف نو
- 1-10 pm انگلش ملاقات پروگرام
- 2-20 pm ہمارے کچن سے آپ تک
- 3-00 pm انڈونیشین سروس
- 4-00 pm صد سالہ خلافت جوبلی پروگرام
- 4-40 pm پشتو سروس
- 5-05 pm تلاوت، درس، خبریں
- 6-00 pm بنگلہ سروس
- 7-10 pm ترجمۃ القرآن
- 8-10 pm دورہ حضور انور
- 9-10 pm انگریزی ملاقات پروگرام
- 10-45 pm مشاعرہ
- 11-30 pm عربی سروس

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم پروفیسر محمد اسلم سجاد صاحب

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی طبی مہارت

شفا پانے والوں کا حضور کو خراج تحسین اور آپ کی دعا

کسی طبیب کی طبی مہارت کا ایک اہم پیمانہ شفایاب ہونے والے مریضوں اوران کے لواحقین کا طبیب سے سلوک بھی گردانا جا سکتا ہے۔اس معیار پر بھی حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی طبی مہارت کو پرکھا جائے تو وہ غیر معمولی طور پر بلند مقام پر فائز نظر آتے ہیں۔چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں:۔

راجہ موتی سنگھ جی

''ایک دفعہ بہت شدید ہیضہ پھیلا۔ وہاں کے راجہ باہونام ایک قلعہ میں تشریف لے گئے۔اس سبب سے مجھے بھی وہاں جانا پڑا۔ راجہ موتی سنگھ جی بھی تشریف لے گئے۔وہاں پہنچ کر ان کو ذوسنطاریا (جسے ڈسنٹری کہتے ہیں) کا شدید مرض لاحق ہوا۔ساتھ ہی ان کو پیچش بھی تھی اور وہ ہیضہ کے دن تھے۔اس لئے اس قلعہ میں ان کو میرے طبی مشورہ کی ضرورت پڑی۔ بہت دنوں کی آمدورفت سے ان کے ساتھ گہرا تعلق پیدا ہوگیا۔انہوں نے جو رقم بطور شکریہ مجھ کو دی وہ سالہا سال برابر دیتے رہے۔''

(مرقاۃ الیقین صفحہ 167)

قیمتی خلعت

''میں کشمیر میں تھا ایک روز دربار کو جا رہا تھا۔یار محمد خان ایک شخص میری اردلی میں تھا۔اس نے راستہ میں مجھ سے کہا کہ آپ کے پاس جو یہ پشمینہ کی چادر ہے یہ ایسی ہے کہ میں اس کو اوڑھ کر آپ کی اردلی میں بھی نہیں چل سکتا۔میں نے اس سے کہا کہ تجھ کو اگر بری معلوم ہوتی ہے تو میرے خدا کو تجھ سے بھی زیادہ میرا خیال ہے۔میں جب دربار میں گیا تو وہاں مہاراجہ نے کہا کہ آپ نے ہیضہ کی وبا میں بڑی کوشش کی ہے آپ کو خلعت ملنا چاہئے۔چنانچہ ایک قیمتی خلعت دیا۔ اس میں جو چادر تھی وہ نہایت ہی قیمتی تھی۔ میں نے یار محمد خان سے کہا کہ دیکھو ہمارے خدا تعالیٰ کو ہمارا کیسا خیال ہے۔''

(مرقاۃ الیقین صفحہ 249-250)

منہ سے لعاب کا نسخہ

مجھے شدت بخار میں سیلان اللعاب خطرناک رنگ میں شروع ہوا۔جس میں پانی بودار سیاہ رنگ کا نکلتا تھا۔ایک شخص حکیم فرزند علی نے مجھے رائے دی کہ آپ کا وطن اگر قریب ہے تو جلد چلے جائیں۔اس احتراقی مواد سے بچنے کی کوئی امید نہیں۔شام کے وقت ایک بزرگ جو وہاں مہتمم طلبۃ العلم تھے اور نہایت ہی مخلصانہ حالت میں تھے۔آئے اور کہنے لگے کہ میں بوڑھا ہوں اور میرے منہ سے لعاب آتا ہے۔کوئی ایسی چیز بتاؤ جو افطار کے وقت کھا لیا کروں۔میں نے کہا مربائے آملہ بنارسی۔دانہ الائچی۔ورق طلا سے افطار کریں۔وہ یہ نسخہ دریافت کر کے گئے۔معاً واپس آئے اور ایک مرتبان مربہ اور بہت سی الائچیاں اور دفتری ورق طلا کی میرے سامنے لا رکھی اور کہا کہ آپ کے منہ سے بھی لعاب آتا ہے۔آپ بھی کھائیں۔ میں نے ان کو کھانا شروع کیا۔ایک آدھ کے کھانے سے چند منٹ کے لئے تخفیف ہوگئی۔جب پھر پانی کا آغاز شروع ہوا تو ایک اور کھا لیا۔غرض مجھے یاد نہیں کہ کس کس قدر کھا گیا۔عشاء کے بعد مجھے بہت تخفیف ہوگئی۔میں نے بجائے وطن کے حرمین کا ارادہ کر لیا۔

(مرقاۃ الیقین صفحہ 106-107)

اللہ کی رضا اور اس کی مخلوق پر شفقت

''طالب علمی کے زمانہ میں ایک مرتبہ میں نے نہایت عمدہ صوف لے کر دو صدریاں بنوائیں اور انہیں الگنی پر رکھ دیا مگر ایک کسی نے چرا لی۔میں نے اس کے چوری ہو جانے پر خدا کے فضل سے اپنے دل میں کوئی تکلیف محسوس نہ کی بلکہ میں نے سمجھا کہ اللہ تعالیٰ اس سے بہتر بنا دینا چاہتا ہے۔تب میں نے شرح صدر سے انا للّٰہ (۔) پڑھا اور صبر کے شکریہ میں دوسری کسی حاجتمند کو دیدی۔چند روز ہی اس واقعہ پر گزرے تھے کہ شہر کے ایک امیر زادہ کو سوزاک ہوا اور اس نے ایک شخص سے جو میرا بھی آشنا تھا کہا کہ کوئی ایسا شخص لاؤ جو طبیب مشہور نہ ہو اور کوئی ایسی دوا بتا دے جس کو میں خود بنا لوں۔وہ میرے پاس آیا اور مجھے اس کے پاس لے گیا۔ میں نے سن کر کہا کہ یہ کچھ بھی نہیں صدری ہے۔میں جب وہاں پہنچا تو وہ اپنے باغ میں بیٹھا تھا۔میں اس کے پاس کرسی پر جا بیٹھا۔تو اس نے اپنی حالت کو بیان کر کے کہا کہ ایسا نسخہ تجویز کر دیں جو میں خود ہی بنا لوں۔میں نے کہا۔ہاں ہو سکتا ہے جہاں ہم بیٹھے تھے وہاں کیلا کے درخت تھے۔میں نے اس کو کہا کہ کیلا کا پانی 5 تولہ لیکر اس میں ایک ماشہ شورہ قلمی ملا کر پی لو۔اس نے جھٹ اس کی تعمیل کر لی۔کیونکہ شورہ بھی موجود تھا۔اپنے ہاتھ سے دوائی بنا کر پی لی۔ میں چلا گیا۔دوسرے دن پھر میں گیا تو اس نے کہا مجھے تو ایک ہی مرتبہ پینے سے آرام ہو گیا ہے اب حاجت ہی نہیں رہی۔میں تو جانتا تھا کہ یہ موقعہ محض اللہ تعالیٰ کے فضل نے پیدا کر دیا ہے اور آپ ہی میری توجہ اس علاج کی طرف پھیر دی۔ میں تو پھر چلا آیا۔مگر اس میرے دوست کو بلا کر زربفت کمخواب وغیرہ کے قیمتی لباس اور بہت سے روپے میرے پاس بھیجے۔جب وہ میرے پاس لایا تو میں نے اس کو کہا کہ یہ وہی صدری ہے۔وہ حیران تھا کہ صدری کا کیا معاملہ ہے۔آخر سارا قصہ اس کو بتایا اور اس کو میں نے کہا زربفت وغیرہ تو ہم پہنتے نہیں۔اس کو بازار میں بیچ لاؤ۔ چنانچہ وہ بہت قیمت پر بیچ لایا۔اب میرے پاس اتنا روپیہ ہو گیا کہ حج فرض ہو گیا۔اس لئے میں نے اس کو کہا کہ اب حج کو جاتے ہیں کیونکہ حج فرض ہو گیا ہے۔غرض اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے کو کچھ بھی نقصان نہیں ہوتا۔ ہاں اس میں دنیا کی ملونی نہیں چاہئے بلکہ خالصاً لوجہ اللّٰہ ہو۔اللہ کی رضا مقصود ہو اور اس کی مخلوق پر شفقت ملحوظ ہو۔''

(حیات نور صفحہ 46-47)

یہ بھید ہیں

حضور فرماتے ہیں۔

''جموں میں حاکم نام ایک ہندو پنساری تھا وہ مجھ سے ہمیشہ نصیحتاً کہا کرتا تھا کہ ہر مہینہ میں ایک سو روپیہ پس انداز کر لیا کریں۔یہاں مشکلات پیش آ جاتی ہیں۔ میں ہمیشہ یہی کہہ دیا کرتا۔ایسے خیالات کرنا اللہ تعالیٰ پر بدظنی ہے۔ہم پر انشاء اللہ تعالیٰ کبھی مشکلات نہ آئیں گے۔جس دن میں وہاں سے علیحدہ ہوا۔اس دن وہ میرے پاس آیا اور مجھ سے کہا آج شاید آپ کو میری نصیحت یاد آئی ہوگی۔ میں نے کہا میں تمہاری نصیحت کو جیسے پہلے حقارت سے دیکھتا تھا۔آج بھی ویسا ہی حقارت سے دیکھتا تھا۔ابھی وہ مجھ سے باتیں ہی کر رہا تھا کہ خزانہ سے چار سو اسی روپیہ میرے پاس آئے کہ یہ آپ کی ان دنوں کی تنخواہ ہے۔اس پنساری نے افسروں کو گالی دے کر کہا کہ کیا نوردین تم پر نالش تھوڑا ہی کرنے لگا تھا۔ابھی وہ اپنے غصہ کو فرو نہ کرنے پایا تھا کہ ایک رانی صاحبہ نے میرے پاس بہت سا روپیہ بھجوایا اور کہا کہ اس وقت ہمارے پاس اس سے زیادہ روپیہ نہ تھا۔یہ ہمارے جیب خرچ کا روپیہ ہے۔ جس قدر اس وقت موجود تھا۔ سب کا سب حاضر خدمت ہے۔پھر تو اس کا غضب بہت ہی بڑھ گیا۔مجھ کو ایک شخص کا ایک لاکھ پچانوے ہزار روپیہ دینا تھا۔ اس پنساری نے اس طرف اشارہ کیا کہ بھلا یہ تو ہوا۔ جن کا آپ کو قریباً دو لاکھ روپیہ دینا ہے وہ آپ کو بدوں اس کے کہ اپنا اطمینان کر لیں کیسے جانے دیں گے؟ اتنے میں انہیں کا آدمی آیا اور بڑے ادب سے ہاتھ باندھ کر کہنے لگا کہ میرے پاس ابھی تار آیا ہے میرے آقا فرماتے ہیں کہ مولوی صاحب کو تو جانا ہے۔ان کے پاس روپیہ نہ ہوگا۔اس لئے تم ان کا سب سامان گھر جانے کا کر دو اور جس قدر روپیہ کی ان کو ضرورت ہو دے دو اور اسباب کو اگر وہ ساتھ نہ لے جا سکیں تو تم اپنے اہتمام سے بحفاظت پہنچوا دو۔ میں نے کہا۔ مجھ کو روپیہ کی ضرورت نہیں۔خزانہ سے بھی روپیہ آ گیا ہے اور ایک رانی نے بھی بھیج دیا ہے۔میرے پاس روپیہ کافی سے زیادہ ہے اور اسباب میں سب ساتھ ہی لے جاؤں گا۔ غالباً اس وقت میرے پاس بارہ سو یا اس سے بھی کچھ زیادہ روپیہ آ گیا تھا۔وہ ہندو پنساری کھڑا ہو گیا اور کہنے لگے کہ پرمیشروں کے یہاں بھی کچھ لحاظ داری ہی ہوتی ہے۔ ہم لوگ صبح سے لے کر شام تک کیسے کیسے دکھ اٹھاتے ہیں۔تب کہیں بڑی دقت سے روپیہ کا منہ دیکھنا نصیب ہوتا ہے۔ بھلا اور تو ہوا اس احمق کو دیکھو اپنے روپیہ کا مطالبہ تو نہ کیا اور دینے کو تیار ہو گیا۔ میں نے کہا خدا تعالیٰ دلوں کو جانتا ہے۔ہم اس کا روپیہ انشاء اللہ تعالیٰ بہت ہی جلد ادا کر دیں گے۔تم ان بھیدوں کو سمجھ ہی نہیں سکتے۔''

(مرقاۃ الیقین صفحہ 190-191)

ازاں بعد ایسا ہوا کہ آپ حضرت مسیح موعود کے ارشاد کے تحت قادیان میں مقیم ہو گئے۔تو مہاراجہ کشمیر نے بعض جنگلات کی آمدنی حضرت حکیم نورالدین کو دینے کی ہدایت کی۔ پہلے سال کی آمدنی ایک لاکھ پچانوے ہزار ہوئی اور آپ کا قرضہ اتر گیا۔

حکمت کی تعریف

''میں ریاست کشمیر میں ملازم تھا۔ وہاں میری بڑی تنخواہ تھی۔بعض اسی اسی روپیہ ماہوار کے طبیب مجھ سے اول بیٹھنے کی کوشش کرتے اور میں ان کو آگے بیٹھنے دیتا اور بہت خوش ہوتا۔وہاں ایک بوڑھے آدمی تھے۔ انہوں نے بہت سے علوم وفنون کی حدود یعنی ابتدائی تعریفیں یاد کر رکھی تھیں۔ بڑے بڑے عالموں سے کسی علم کی تعریف دریافت کرتے۔ وہ جو کچھ بیان کرتے یہ اس میں کوئی نہ کوئی نقص نکال دیتے۔کیونکہ پختہ الفاظ تعریفوں کے یاد تھے۔اس طرح ہر شخص پر اپنا رعب بٹھانے کی کوشش کرتے۔ایک دن سر دربار مجھ سے دریافت کیا کہ مولوی صاحب! حکمت کس کو کہتے ہیں؟ میں نے کہا کہ شرک سے لے کر عام بداخلاقی تک سے بچنے کا نام حکمت ہے۔ وہ حیرت سے دریافت کرنے لگا کہ یہ تعریف حکمت کی کس نے لکھی ہے؟ میں نے دہلی کے ایک حکیم سے جو حافظ بھی تھے اور میرے پاس بیٹھے تھے کہا کہ حکیم صاحب! ان کو سورہ بنی اسرائیل کے چوتھے رکوع کا ترجمہ سنا دو جس میں آتا ہے ذلك مما اوحی پھر تو وہ بہت ہی حیرت زدہ سے ہو گئے۔''

(مرقاۃ الیقین صفحہ 253-254)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی طبی مہارت کا ایک اہم جزو شفایابی کے عمل میں روحانی اثرات کا شعوری احساس بھی ہے۔ جو شاید ہی کسی اور طبیب میں اتنی نمایاں شان کے ساتھ موجود ہو۔روحانی اثرات سے ایک لاعلاج مریض شفایاب ہو سکتا ہے اور ایک معمولی مریض موت سے ہم آغوش ہو جاتا ہے۔آپ کی طبی زندگی میں قدم قدم پر اس کی مثالیں ملتی ہیں۔

دعا سے درد جاتا رہا

''ایک دفعہ آدھی رات کے بعد مہاراجہ کشمیر کی

طبیعت علیل ہو گئی اور مہاراجہ نے حضرت مولوی صاحب کے پاس اپنا ملازم بھیجا۔ جس نے آپ سے کہا کہ مہاراج کی طبیعت خراب ہے۔ آپ کو یاد کیا ہے۔ اسی وقت ایک مہترانی بھی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور کہا کہ میرا خاوند بہت بیمار ہے۔ پیٹ میں درد ہے اور پاخانہ بھی نہیں آتا۔ خدا کے لئے چلیں اور اسے دیکھ لیں یہ کہہ کر وہ زار و قطار رونے لگی۔ آپ نے مہاراج کے ملازم سے کہا۔ تم چلو۔ میں اس کو دیکھ کر مہاراج کی خدمت میں حاضر ہوتا ہوں۔ ملازم نے کہا چوڑھا پہلے، مہاراج پیچھے اور جو ہاتھ چوڑھے کو لگائیں گے وہی مہاراج کو بھی لگائیں گے۔ آپ نے فرمایا۔ اس کی تکلیف زیادہ ہے۔ میں اس کو دیکھ کر مہاراج کی خدمت میں حاضر ہوتا ہوں۔ ملازم چلا گیا۔ شاید مہاراج سے شکایت بھی کی ہو گی۔ حضرت مولوی صاحب چوڑھے کے گھر گئے۔ اسے درد قولنج تھا۔ آپ نے اس کو انیمہ کیا۔ اسے پاخانہ آ گیا اور درد جاتا رہا۔ ہوش آئی اور آنکھیں کھولیں۔ اس کے دل سے دعا نکلی۔

"پرمیشر تینوں سکھی رکھے تے اونوں وی جو تینوں ایتھے لیایا اے، یعنی خدا تجھے خوش رکھے اور اسے بھی جو تجھے یہاں لایا ہے۔ آپ فرمانے لگے۔ مجھے یقین ہو گیا کہ اس کے دل سے یہ دعا نکلی ہے اور وہ قبول ہو گئی ہے اور مہاراج ضرور اچھے ہو گئے ہوں گے کہ اس لئے فارغ ہو کر آپ مہاراج کی خدمت میں حاضر ہوئے مہاراج انتظار کر رہے تھے۔ کہنے لگے۔ بہت دیر لگائی۔ آپ نے مہاراج کو ساری بات سنائی اور کہا کہ چوڑھے کے دل سے دعا نکلی تھی تو مجھے یقین ہو گیا تھا کہ مہاراج اچھے ہو گئے ہیں۔ مہاراج نے کہا۔ اب میری طبیعت بہتر ہے۔ پھر کہا۔ طبیب کو ایسا ہی ہونا چاہئے اور دو سونے کی چوڑیاں تحفۃً دیں۔ آپ نے اس ملازم کو بلایا جو آپ کو بلانے گیا تھا۔ وہ جھینپتا ہوا آیا۔ آپ نے ایک چوڑی اس کو دی۔ وہ کہنے لگا۔ آپ مجھے کیوں دے رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ اس میں تمہارا بھی حصہ ہے۔ اگر تم مہاراج کے پاس میری شکایت نہ کرتے تو یہ انعام مجھے نہ ملتا۔"

حیات نور صفحہ 434، 435)

بھانجے کی وفات

میری ایک بہن تھیں۔ ان کا ایک لڑکا تھا وہ پیچش کے مرض میں مبتلا ہوا اور مر گیا۔ اس کے چند روز بعد میں گیا۔ میرے ہاتھ سے انہوں نے کسی پیچش کے مریض کو اچھا ہوتے ہوئے دیکھا۔ مجھ سے فرمانے لگیں کہ بھائی تم اگر آ جاتے تو میرا لڑکا بچ جاتا۔ میں نے ان سے کہا کہ تمہارے ایک لڑکا ہو گا اور میرے سامنے پیچش کے مرض میں مبتلا ہو کر مرے گا۔ چنانچہ وہ حاملہ ہوئیں اور ایک بڑا خوبصورت لڑکا پیدا ہوا۔ پھر جب وہ پیچش کے مرض میں مبتلا ہوا۔ ان کو میری یاد تھی۔ مجھ سے کہنے لگیں کہ اچھا دعا ہی کرو۔ میں نے کہا کہ خدا تعالیٰ آپ کو اس کے عوض میں ایک اور لڑکا دے گا لیکن اس کو تو اب جانے ہی دو۔ چنانچہ وہ لڑکا فوت ہو گیا اور اس کے بعد ایک اور لڑکا پیدا ہوا جو زندہ رہا اور اب تک زندہ برسرروزگار ہے۔ یہ الٰہی غیرت تھی۔ (مرقاۃ الیقین صفحہ 202)

نفس کو راحت پہنچانے کا نسخہ

میں جب بھوپال سے رخصت ہونے لگا تو اپنے استاد مولوی عبدالقیوم صاحب کی خدمت میں رخصتی ملاقات کے لئے حاضر ہوا۔ سینکڑوں آدمی بطریق مشایعت میرے ہمراہ تھے جن میں اکثر علماء اور معزز طبقہ کے آدمی تھے۔ میں نے مولوی صاحب سے عرض کیا کہ مجھ کو کوئی ایسی بات بتائیں جس سے میں ہمیشہ خوش رہوں۔ فرمایا کہ "خدا نہ بننا اور رسول نہ بننا"۔ میں نے عرض کیا کہ حضرت یہ بات میری سمجھ میں نہیں آئی اور یہ بڑے بڑے عالم موجود ہیں۔ غالباً یہ بھی نہ سمجھے ہوں گے۔ سب نے کہا۔ ہاں ہم بھی نہیں سمجھے۔ مولوی صاحب نے فرمایا کہ تم خدا کس کو کہتے ہو؟ میری زبان سے نکلا کہ خدا تعالیٰ کی ایک صفت فعال لما یرید۔ وہ جو چاہتا ہے کر گزرتا ہے۔ فرمایا کہ بس ہمارا مطلب اسی سے ہے۔ یعنی تمہاری کوئی خواہش ہو اور وہ پوری نہ ہو تو تم اپنے نفس سے کہو کہ میاں تم کوئی خدا ہو؟ رسول کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم آتا ہے وہ یقین کرتا ہے کہ اس کی نافرمانی سے لوگ جہنم میں جائیں گے۔ اس لئے اس کو بہت رنج ہوتا ہے۔ تمہارا فتویٰ اگر کوئی نہ مانے تو وہ یقینی جہنمی تھوڑا ہی ہو سکتا ہے۔ لہٰذا تم کو اس کا بھی رنج نہ ہونا چاہئے۔ حضرت مولوی صاحب کے اس نکتہ نے اب تک مجھ کو بڑی راحت پہنچائی۔

(مرقاۃ الیقین صفحہ 106)

پاک تبدیلی

حضرت منشی محمد اسماعیل صاحب سیالکوٹی میں بیعت کے بعد جو پاک تبدیلی پیدا ہوئی وہ اس واقعہ سے ظاہر ہے کہ بیعت سے پہلے ایک دفعہ آپ نے اپنے بڑے بھائی سے کہا کہ غلام قادر نماز پڑھا کرو۔ انہوں نے جواب دیا کہ آپ کو نماز پڑھ کر کیا مل گیا جو مجھے تلقین کرتے ہو۔ آپ نے بھی دل میں خیال کیا کہ بھائی سچ کہتا ہے مجھے بھی کچھ نہیں ملا اس لئے چپ ہو رہے بلکہ بعد میں نماز خود بھی ترک کر دی جب آپ نے بیعت کر لی تو کچھ عرصہ بعد پھر کہا بھائی غلام قادر نماز پڑھا کرو انہوں نے جواب دیا کہ اب پڑھا کروں گا کیونکہ اب میں محسوس کرتا ہوں کہ آپ کو کچھ مل گیا ہے۔

بالآخر حضرت منشی صاحب کے پاک انقلاب سے متاثر ہو کر آپ کے بھائی نے بھی بیعت کر لی اور نہ صرف نمازیں بلکہ تہجد پڑھنے لگے۔

(رفقاء احمد جلد اول ص 181، 204)

مکرم نعمت اللہ بشارت صاحب مشنری و امیر ڈنمارک

جماعت احمدیہ ڈنمارک کے زیر اہتمام

پروگرام یوم خلافت 27 مئی 2008ء

تمام احمدی جماعتوں کی طرح جماعت احمدیہ ڈنمارک نے بھی اس دن کو بڑے ذوق و شوق اور شاندار طریق پر منایا۔ خدا تعالیٰ قبول فرمائے۔

26 مئی کو نفلی روزہ رکھا گیا۔ 27 مئی کے دن کا آغاز نماز تہجد سے کیا گیا۔ احمدیوں نے اپنے گھروں یا قریبی سنٹرز میں نماز تہجد ادا کی۔ مرکزی طور پر بیت نصرت کوپن ہیگن میں نماز تہجد ادا کی گئی اور نماز فجر کے بعد خاکسار نے درس القرآن دیا اور اجتماعی دعا کروائی۔

اس دن کی مناسبت سے تینوں ذیلی تنظیموں نے اپنے اپنے پروگرام منعقد کئے۔ الگ الگ پروگرام میں تلاوت، نظم اور عہد کے بعد برکات خلافت، تحریکات اور ایمان افروز واقعات کے عنوانات پر تقاریر ہوئیں۔ خدام نے ایک کوئز پروگرام بھی کیا۔ بچوں کے لئے تفریحی کھیل کا بھی انتظام کیا گیا۔

مرکزی جلسہ اور حضور انور کا خطاب

بیت النصرت کے صحن میں لوائے احمدیت خاکسار نے اور ڈنمارک کا جھنڈا مکرم محمد جمیل صاحب صدر مجلس انصار اللہ نے لہرایا۔ اجتماعی دعا خاکسار نے کروائی۔

لندن میں منعقد ہونے والے مرکزی جلسہ یوم خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے موقع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جو خطاب فرمایا وہ ایم ٹی اے پر براہ راست نشر ہوا۔ بیت کے ہال میں اردو میں اور ملحقہ ہال میں انگلش ترجمہ کے ساتھ خطاب سننے کا انتظام کیا گیا تھا۔ جب دنیا کے 190 ممالک کے کروڑوں جان نثار حضور انور ایدہ اللہ کی آواز پر کھڑے ہو کر عہد دہرا رہے تھے۔ یہاں بھی سب لبیک لبیک کہتے کھڑے ہو گئے اور عہد دہرایا۔ اس موقع پر تشکر و فدائیت کے جذبات احباب کے چہروں پر ہویدا اور آنکھوں سے موتیوں کی صورت رواں تھے۔

مقامی جلسہ یوم خلافت

نماز ظہر و عصر کے بعد مقامی جلسہ یوم خلافت منعقد ہوا۔ تلاوت، نظم کے بعد مکرم سید احسان احمد صاحب نے اردو زبان میں برکات خلافت، مکرم منصور احمد طارق صاحب نے ڈینش زبان میں نظام خلافت اور اس کی ضرورت، مکرم سید فاروق احمد صاحب نے ڈینش زبان میں خلافت اور اس کے مقاصد، مکرم ڈاکٹر خرم جمیل صاحب نے ڈینش زبان میں نظام حکومت اور خاکسار نے اردو زبان میں خلفاء احمدیت کے دورہ ڈنمارک کے موضوع پر تقاریر کیں۔ بعد ازاں بعض چنیدہ شخصیات نے خلافت سے وابستگی، خلیفہ وقت سے اطاعت و فدائیت کا تعلق رکھنے کا عہد کیا اور اس پر ہمیشہ قائم رہنے کا پُرعزم اظہار کیا۔ پونے آٹھ بجے دعا کے ساتھ یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

بعض دیگر مساعی

☆جماعت ڈنمارک کا ماہنامہ جہاد کا خصوصی ایڈیشن شائع کیا گیا۔

☆حضور انور ایدہ اللہ کا پیغام اس موقع پر اردو اور ڈینش زبان میں دیدہ زیب پمفلٹ کی صورت میں شائع کیا گیا۔

☆ناکسکو جماعت جو بوزنین احباب پر مشتمل ہے وہاں سے 35 افراد کا وفد اس پروگرام میں شامل ہوا۔ یہ کوپن ہیگن سے 165 کلومیٹر دور ہے۔

☆ایک پریس ریلیز بھجوائی گئی۔ دو اخبارات کے نمائندگان اس پروگرام میں شامل ہوئے۔

☆بیت الذکر کو وقار عمل کے ذریعہ صاف کیا گیا اور پھولوں سے اس کی تزئین کی۔ نیز چراغاں کیا گیا۔

☆شکرانہ کے طور پر اس دن 21 بکروں کی قربانی دی گئی۔

☆بیت الذکر کے قریب 30 گھروں میں دعوت الی اللہ کی غرض سے رابطہ کیا گیا نیز چاکلیٹ اور تحائف بھجوائے گئے۔

☆کل حاضری 292 افراد تھی۔

☆تمام احباب کی خدمت میں دوپہر اور رات کا کھانا بھی پیش کیا گیا۔

پروگرام خدا کے فضل سے خوب کامیاب رہا۔ اللہ تعالیٰ ہماری حقیر کوششوں کو قبول فرمائے اور خلافت کے ساتھ کئے گئے عہد کو نبھانے کی توفیق عطا فرمائے۔

حضرت ہشام بن عاص بن وائلؓ

قدیم الاسلام اور مہاجر حبشہ تھے۔ وہاں سے واپس لوٹے تو خویش و اقارب نے جکڑ لیا۔ جنگ خندق کے وقت مدینہ آ گئے تھے۔ بعد کے تمام غزوات میں شریک رہے معرکہ اجنادین میں 13ھ میں شہید ہوئے۔

☆......☆......☆

ماخوذ

بجٹ کی اقسام اور بعض اصطلاحات

کرنسی کی ایجاد نے انسانی تہذیب کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ اس نے ایک قوت کی شکل اختیار کرلی۔ آج معیشت کی ترقی ہی کو ملکی خوشحالی کا بنیادی کلیہ اور منصوبہ بندی کو معاشی استحکام کی روح تصور کیا جاتا ہے اور کرنسی معیشت کی بنیادی اکائی بن چکی ہے۔

معیشت کسی گھرانے کی ہو یا ملک کی اس کے لئے بجٹ خاص اہمیت رکھتا ہے۔ بجٹ کسی ریاست، ادارے یا فرد کی ایک ایسی سرگرمی ہے، جس میں وہ مستقبل کے اخراجات اور آمدنی کے بارے میں جامع منصوبہ بندی کرتا ہے اس عمل نے آج بہت اہمیت اختیار کرلی ہے اور بجٹ کی تیاری ایک انتہائی پیچیدہ عمل بن چکا ہے جس کے لئے ماہرین کی مدد لی جاتی ہے۔

بجٹ کا تعارف

عام طور پر بجٹ سے مراد اخراجات اور آمدنی کی ایک فہرست یا دستاویز تصور کی جاتی ہے، جو باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت تیار کی جائے۔ دراصل یہ چھوٹے اور بڑے پیمانے پر جاری معاشی سرگرمیوں کا اہم جزو ہوتا ہے۔ معیشت کی دنیا میں یہ کسی بھی سرگرمی کے آغاز اور اسے کاملیت کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچانے کی بنیاد تصور کیا جاتا ہے۔

بنیادی مقاصد

بجٹ کا بنیادی مقصد کسی عمل سے پہلے اس کے اخراجات اور متوقع آمدنی کا جائزہ لینا ہے۔ کاروباری زبان میں یہ اس بات کا منصوبہ ہوتا ہے کہ معاملات کس انداز میں آگے بڑھیں گے اور اس دوران مختلف حالات میں کیا طرز عمل اپنایا جائے گا۔ بجٹ کسی ادارے یا ملک کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ کاروباری عمل کا سرمائے کی دستیابی اور اس کے استعمال کے حوالے سے قبل از وقت جائزہ لے سکے۔

اگرچہ بجٹ کی تیاری ہر کاروباری عمل کی بنیاد تصور کی جاتی ہے تاہم، موجودہ دور میں جدید ٹیکنالوجیز اور مختلف نظریات اس میں شامل ہوگئے ہیں۔ جنہوں نے کئی نئی اصطلاحات کو بھی جنم دیا ہے۔ بجٹ کسی بھی ملک کے اداروں، کاروبار اور گھریلو سرگرمیوں میں خاص اہمیت کا حامل ہوتا ہے، تاہم عوام کے لئے زیادہ دلچسپی کا باعث حکومتی بجٹ تصور کیا جاتا ہے اور اکثریت اسی اصطلاح سے واقف ہوتی ہے۔

حکومتی بجٹ

حکومتی یا گورنمنٹ بجٹ ایک قانونی دستاویز ہوتی ہے، جسے جمہوری حکومتوں میں قانون ساز مجلس تیار کرتی ہے۔ حکومتی بجٹ میں صحت کی مد میں آمدنی کا تعین مخصوص اصولوں کو سامنے رکھتے ہوئے کیا جاتا ہے، کیونکہ اس شعبے سے زیادہ آمدنی نہیں ہوتی اور عام حالات میں یہ اخراجات کا تقاضا کرتا ہے، جس کا سبب شعبہ صحت پر عوام کا دارومدار تصور کیا جاتا ہے۔

عام طور پر ٹیکس ہی آمدنی کا اصل ذریعہ ہوتے ہیں۔ پراپرٹی ٹیکس مقامی آمدنی، سیلز ٹیکس ریاستی یا صوبائی آمدنی اور انکم اور کارپوریٹ ٹیکس وفاقی آمدنی کی بنیاد تصور کئے جاتے ہیں۔

ہر بجٹ کے دو بنیادی عنصر ہوتے ہیں جن پر اس پوری سرگرمی کا انحصار ہوتا ہے۔ ان میں سے ایک عنصر Revenue یعنی حکومتی آمدنی ہے۔ عام طور پر حکومت کو ٹیکسوں کی مد میں آمدنی ہوتی ہے۔ اس کا کچھ حصہ حکومتی اداروں سے بھی حاصل ہوتا ہے تاہم اس کی مقدار زیادہ نہیں ہوتی۔ اگرچہ ترقی یافتہ ممالک میں حکومتی اداروں مثلاً محکمہ صحت، آبپاشی، پولیس، تعلیم اور دیگر سے ریاست کو خاطر خواہ منافع حاصل ہوتا ہے، تاہم عمومی طور پر ان شعبوں کو غیر منافع بخش سمجھا جاتا ہے اور انہیں فلاحی شعبوں کی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔ ترقی پذیر ممالک میں صورتحال یکسر مختلف ہے۔

آج پاکستان میں حکومت کے زیادہ تر ادارے خسارے میں ہیں۔

اخراجات سے مراد وہ سرمایہ ہے جو خدمات اور سہولیات کی فراہمی میں خرچ ہوتا ہے۔ اس عمل کو بنیادی طور پر دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ ایک حصہ ترقیاتی عمل میں خرچ ہوتا ہے، جیسے ترقیاتی منصوبے وغیرہ، جبکہ دوسرا غیر ترقیاتی منصوبوں پر خرچ ہوتا ہے۔ ترقی پذیر ممالک میں حکومت عوام کو کئی شعبوں، خاص طور پر اشیائے خورونوش پر کافی سبسڈی دیتی ہے۔

ایک خالص معاشی اور اقتصادی بجٹ کے برعکس حکومتی بجٹ کی سیاسی اور تکنیکی بنیاد ہوتی ہے۔ اس کا مقصد صرف منافع کا حصول نہیں ہوتا، بلکہ اس عمل میں عوامی ضروریات کا بھی خیال رکھا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں چند اصطلاحات وضاحت طلب ہیں۔

پراپرٹی ٹیکس

پراپرٹی ٹیکس سے مراد وہ ٹیکس ہے جو ایک اصل مالک اپنی پراپرٹی کی قدر پر ادا کرتا ہے۔

ٹیکس نافذ کرنے والے اداروں یا افراد کو پراپرٹی کی قدر کا جائزہ لینا پڑتا ہے جس کی بنیاد پر اس پراپرٹی پر ٹیکس نافذ کیا جاتا ہے۔ مختلف ممالک میں لاگو ہونے والا ٹیکس مختلف ہوتا ہے اور عام طور پر مختلف اضلاع میں ایک ہی نوعیت کے ٹیکسوں کی مختلف شرطیں مقرر ہوتی ہیں۔

عام طور پر کسی شخص کی جائیداد پر لگایا جانے والا ٹیکس یا مخصوص رقم جسے Special assessment tax کہا جاتا ہے، کو پراپرٹی ٹیکس ہی تصور کیا جاتا ہے، تاہم، یہ خیال درست نہیں۔ بنیادی طور پر ٹیکس کو دو اقسام یا حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے، ایک وہ جو مارکیٹ کی قدر کے لحاظ سے نافذ کیا جاتا ہے جبکہ دوسرا وہ جو خصوصی کیسز اور وجوہات کی بنا پر لاگو ہوتا ہے۔

سیلز ٹیکس

یہ دراصل خریداری کے عمل پر نافذ ہونے والا ٹیکس ہے۔ یہ عوام، سہولیات اور خدمات پر ادا کرتے ہیں۔ یہ اشیاء کے بلز پر درج ہوتا ہے اور یہ رقم حکومت کے خزانے میں جاتی ہے۔ مثلاً عام دکانوں اور یوٹیلیٹی سٹورز سے خریدے جانے والے گھی، چاول اور آٹے کے اصل نرخوں پر کچھ اضافی حصہ عوام ٹیکس کی مد میں حکومت کو ادا کرتے ہیں۔

یہ ٹیکس ہر شخص پر براہ راست یا بلاواسطہ لاگو ہوتا ہے اور اس کی عدم ادائیگی ممکن نہیں۔ دوسرے الفاظ میں ہر شخص کو یہ کسی نہ کسی صورت ادا کرنا پڑتا ہے۔ مختلف اشیاء پر مختلف ٹیکس لاگو ہوتے ہیں، مثلاً درآمد شدہ اشیاء پر عوام زیادہ ٹیکس دیتے ہیں۔ غیر ملکی ریسٹورنٹس میں عوام خریدی جانے والی اشیاء پر بھاری جبکہ عام دکانوں کی اشیاء پر کم ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ یہ ٹیکس عوام سہولیات پر بھی ادا کرتے ہیں، مثلاً بجلی، پانی اور گیس کے بلز کی کل رقم میں حکومتی ٹیکس علیحدہ درج ہوتا ہے جس کی ادائیگی لازم ہوتی ہے۔

انکم ٹیکس

یہ ٹیکس کسی فرد یا ادارے کی آمدنی پر لاگو ہوتا ہے۔ جس کی شعبہ جاتی بنیادوں پر مختلف حدود مقرر ہیں۔ دنیا بھر میں انکم ٹیکس کی مختلف اقسام ہیں اور اسے نافذ کرتے ہوئے کچھ بنیادی قوانین کا خیال رکھا جاتا ہے۔ کسی کمپنی پر نافذ ہونے والے ٹیکس کو کارپوریٹ ٹیکس بھی کہا جاتا ہے۔ ایک فرد پر لاگو ہونے والے انکم ٹیکس کا دارومدار اس کی کل سالانہ آمدنی پر ہوتا ہے جبکہ اداروں سے لئے جانے والے ٹیکس کی بنیاد خالص منافع قرار پاتا ہے۔

بجٹ میں کئی اصطلاحات استعمال کی جاتی ہیں، جن سے عام آدمی واقف نہیں۔ مثلاً

Activity کی اصطلاح سے مراد وہ سرگرمیاں تصور کی جاتی ہیں جو ایک ادارہ اپنے تعین کردہ اہداف کے حصول کے لئے انجام دیتا ہے۔

Objectives سے مراد بجٹ کے منصوبے کی سب سے چھوٹی اکائی ہے۔

Assets فرد، ادارے یا کمپنی کی ملکیت میں آنے والے اثاثوں کو کہا جاتا ہے، جن میں مستقبل میں حاصل ہونے والا منافع بھی گردانا جاتا ہے۔ یہ منافع جائیداد یا دیگر اثاثوں سے حاصل ہوتا ہے۔

Audit سے مراد ایسا عمل ہے جو ایک آزاد ادارہ انجام دیتا ہے جس میں کسی ادارے یا محکمے کے پاس موجود فنڈز یا سال بھر کے اخراجات کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ اس میں یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ ادارے یا محکمے کو فراہم کردہ رقوم کہاں اور کس انداز میں خرچ ہوئیں۔

بیس (Base) بجٹ

اس سے مراد مالی سال کے بجٹ میں جاری خدمات کی سطح کی لاگت تصور کی جاتی ہے۔ جبکہ خسارے پر مبنی بجٹ وہ ہوتا ہے جس میں حکومتی آمدنی کے مقابلے میں اخراجات کی مالیت زیادہ ہو۔

بجٹ میں ترمیم کی بھی گنجائش ہوتی ہے۔ یہ ایک حد تک لچکدار ہوتا ہے اور اسے ترقیاتی منصوبوں کے لئے استعمال کرتے ہوئے اس میں تبدیلی کی جاسکتی ہے تاہم اس عمل کے دوران یہ بے حد ضروری ہے کہ اس تبدیلی کا واضح جواز ہو۔

بجٹ میں ایک مخصوص رقم علیحدہ رکھی جاتی ہے جو ہنگامی صورتحال کے دوران استعمال کی جاسکتی ہے جسے عام طور پر Contingency کہا جاتا ہے۔

کنزیومر پرائس انڈیکس (CPI) حکومت کا شماریاتی پیمانہ ہے جو مجموعی اجرت کا اوسط ہوتا ہے۔ اسے مقرر کرتے ہوئے شہری علاقوں میں کی جانے والی خرید و فروخت کو بنیادی پیمانہ تصور کیا جاتا ہے۔

Deficit سے مراد اضافی اخراجات لئے جاتے ہیں۔ بجٹ میں جو اخراجات مقرر کئے جاتے ہیں ان میں عام طور پر حالات کی تبدیلی یا دیگر وجوہات کے باعث اضافہ ہو جاتا اور وہ ریاست کے وسائل سے بڑھ جاتے ہیں۔

مختلف اقسام کے بجٹ

آغاز سے قبل بزنس بجٹ:

اس بجٹ سے مراد کسی کاروبار کے آغاز سے قبل متوقع معاشی نتیجے کا جائزہ لینا ہے۔ اس عمل میں سب سے پہلے درکار مواد یا ضروریات کی فہرست مرتب کی جاتی ہے۔ اس میں وہ تمام مادی اشیاء شامل ہوتی ہیں، جن کی ادارے کو ضرورت ہوتی ہے، مثلاً اوزار، افرادی قوت اور آلات وغیرہ۔ ساتھ ہی اس بجٹ میں ان اشیاء کا بھی جائزہ لیا جاتا ہے، جن کی اس ادارے کو کاروبار کے آغاز کے بعد ضرورت پڑے گی۔ اس میں سرمائے بھی اہم تصور کیا جاتا ہے۔ یہ بجٹ چونکہ ایک ادارے یا چھوٹے کاروبار تک محدود ہوتا ہے اس کی بنا پر اس میں کافی لچک ہوتی ہے اس میں مقاصد کا تعین کیا جاتا ہے جس میں بوقت ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔

(باقی صفحہ 6 پر)

مکرم راشد احمد دھیڑوی صاحب

زیتون ایک مفید پھل

قرآن کریم میں جن پھلوں کا بار ہا ذکر فرمایا گیا ہے ان میں کھجور اور زیتون سرفہرست ہیں۔

کہتے ہیں کہ زیتون کا درخت تاریخ کا قدیم ترین درخت ہے۔ چنانچہ حضرت مصلح موعود سورۃ التین آیت 2 کی تشریح بیان کرتے ہوئے تفسیر صغیر میں فرماتے ہیں کہ، اس آیت میں زیتون کا ذکر اس لئے کیا گیا ہے کہ زیتون کی شاخ حضرت نوح ؑ کے واقعہ کو یاد دلاتی ہے اور وہ بھی امن اور رحم کے واقعہ کو۔

چنانچہ بائبل میں لکھا ہے کہ حضرت نوح ؑ کی کشتی جب جُودی یعنی اراراط پر پہنچی تو حضرت نوح ؑ نے مختلف پرندوں کو فضا میں چھوڑا تا کہ وہ پتہ لے کر آئیں کہ کہیں زمین بھی نظر آتی ہے کہ نہیں، آخر میں انہوں نے ایک کبوتری چھوڑی۔ جب وہ واپس آئی تو اس کے منہ میں زیتون کی ایک تازہ پتی تھی۔ جس سے حضرت نوح ؑ نے سمجھ لیا کہ اب خدا کی طرف سے فضل نازل ہو گیا ہے اور زمین نظر آنے لگ گئی ہے۔ چنانچہ حضرت نوح ؑ اپنے قافلے سمیت وہاں اتر گئے۔ قرآن کریم میں زیتون کے تیل کو نور سے تشبیہ دی گئی ہے، اس ضمن میں سورۃ النور آیت 35 کی تشریح تفسیر صغیر میں یوں بیان کی گئی ہے فرمایا: اللہ آسمانوں کا بھی نور ہے اور زمین کا بھی۔ اس کے نور کی کیفیت یہ ہے کہ جیسے کہ ایک طاق ہو جس میں ایک دیا پڑا ہوا ور وہ دیا ایک شیشے کے گلوب کے نیچے ہو اور وہ گلوب ایسا چمکدار ہو گویا وہ ایک چمکتا ہوا ستارہ ہے، اور وہ چراغ ایسے برکت والے درخت زیتون (کے تیل) سے جلایا جا رہا ہو کہ وہ درخت نہ شرقی اور نہ غربی (یعنی وہ درخت نہ مشرق میں ہو اور نہ مغرب میں ہو) قریب ہے کہ اس کا تیل خواہ اسے آگ نہ بھی چھوتی ہو بھڑک اٹھے۔ یہ چراغ بہت سے نوروں کا مجموعہ معلوم ہوتا ہے اور اللہ اپنے نور کے لئے جن کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ یعنی اس آیت میں زیتون کے درخت کو برکت والا اور نور والا کہا گیا ہے۔

قرآن کریم میں سورۃ الانعام آیت 142 میں زیتون کے بارہ میں فرمایا، وہ خدا ہی ہے جس نے لکڑی کے سہارے پر کھڑے ہونے والے باغات اور بغیر سہارے کھڑے ہونے والے باغات اور کھجوریں اور کھتیاں جن کے مزے مختلف ہیں اور زیتون اور انار کو اس صورت میں کہ وہ آپس میں مشابہہ بھی ہیں اور بعض صورتوں میں نہیں بھی پیدا کیا ہے جب ان درختوں کو پھل لگے تو ان کے پھل کھاؤ، اور اس کے کاٹنے کے دن اس خدا کا حق ادا کرو (یعنی اس کے درخت کو کاٹنے سے منع فرمایا گیا ہے۔ اگر کاٹو تو اس کے ازالے کے لئے خدا کا حق ادا کرو) یعنی غریبوں کی امداد کرو۔

زیتون کی شاخ کو عہد مسیح سے بھی پہلے امن کی علامت سمجھا جاتا تھا اس پس منظر کی بدولت زیتون کا درخت سیاست میں امن اور سلامتی کا نشان بن گیا۔ فلسطینی راہنما یاسر عرفات نے جب اقوام متحدہ کے اجلاس سے خطاب کیا تو سب سے پہلے یہ بات کہی کہ، میں آپ کے پاس زیتون کی ڈالی لے کر آیا ہوں اس سے یہ مفہوم لیا گیا کہ وہ اقوام متحدہ میں امن اور سلامتی کا پیغام لے کر آئے ہیں۔

زیتون کا سدا بہار درخت تقریباً 3 میٹر تک لمبا ہوتا ہے۔ چمکدار پتوں کے علاوہ اس میں بیر کی شکل کا ایک پھل لگتا ہے جس کا رنگ اودا اور جامنی ہوتا ہے اور اس کا ذائقہ کسیلا ہوتا ہے۔ زیتون کا پھل غذائیت سے بھرپور ہے، مگر اپنے ذائقہ کی وجہ سے یہ زیادہ مقبول نہیں ہے۔ اس کے باوجود مشرق وسطیٰ، اٹلی، یونان اور ترکی میں بہت سے لوگ یہ پھل خالص شکل میں کھاتے ہیں اور یورپ میں اس کا اچار بہت شوق سے کھایا جاتا ہے۔ یونان سے زیتون کا اچار سرکہ میں آتا ہے اور مغربی ممالک میں بڑی مقبولیت رکھتا ہے۔

بنیادی طور پر زیتون کے درخت کا اصلی وطن بحیرہ روم کا علاقہ ہے جہاں زمانہ قبل از تاریخ سے اس کی کاشت ہو رہی ہے۔ بنیادی طور پر یہ درخت ایشیا کوچک، فلسطین، یونان، پرتگال، سپین، ترکی، اٹلی، شمالی افریقہ، الجزائر، تیونس، امریکہ میں کیلی فورنیا، میکسیکو، پیرو اور آسٹریلیا کے جنوبی علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ کیلیفورنیا مین زیتون کو تقریباً 1890ء میں ہی تجارتی اہمیت حاصل ہو گئی تھی۔ اس کی کاشت کے لئے ایسی آب و ہوا کی ضرورت ہوتی ہے جہاں گرمیوں کا موسم معتدل گرم اور خشک ہوا اور سردی کے موسم میں بارشیں ہوں۔ زیتون کے پودے کو پھول آنے اور پھل بننے کے لئے سردی کی بھی ضرورت ہوتی ہے اس دوران پودے کی بڑھوتری رک جاتی ہے اور پودا خوابیدہ حالت میں ہوتا ہے اگر پودے کو خوابیدگی نہ ملے تو بار آور نہیں ہوتا۔

زیتون کی جنگلی قسم پاکستان کے مختلف حصوں میں بکثرت پائی جاتی ہے جو یہ ظاہر کرتی ہے کہ یہاں ترقی دادہ اقسام بھی کاشت کی جا سکتی ہیں۔ صوبہ سرحد کے قبائلی علاقے سوات، دیر، مالاکنڈ ڈویژن اور صوبہ بلوچستان میں لورالائی اور خضدار کے علاقے اس کی کاشت کے لئے موزوں ہے۔ اس کے علاوہ کچھ زیتون کی اچار والی اقسام ہیں جو راولپنڈی اور چکوال کے کچھ علاقوں میں بھی اگائی جا سکتی ہیں۔

زیتون کی زیادہ تر شہرت اس کے پھل سے حاصل ہونے والے تیل سے ہے۔ زیتون کا تیل شفاف، چکنا اور عموماً زردی مائل ہوتا ہے یہ زیتون کے پھل سے نکالا جاتا ہے۔ اول درجے کا یعنی خالص تیل کسی قدر ناپختہ پھل سے حاصل ہوتا ہے، پھل کو چھیل کر اس پر ہلکا سا دباؤ ڈال کر تیل نکال لیتے ہیں باقی ماندہ گودہ بھی بار بار پیلا جاتا ہے مگر اس سے حاصل شدہ تیل نسبتاً ادنیٰ درجہ کا ہوتا ہے۔ پورے پختہ یا ناقص زیتون سے بھی گھٹیا تیل ہی نکلتا ہے۔

قدیم مصر میں بھی زیتون کا تیل کھانے پکانے بلکہ اشیاء کو محفوظ کرنے، جسم پر لگانے اور علاج میں استعمال ہوتا تھا۔ مصری مقابر سے برآمد ہونے والی اشیاء میں زیتون کے تیل سے بھرے ہوئے برتن بھی شامل تھے۔ توریت میں بھی تیل ملنے کا ذکر ملتا ہے۔

زیتون کا تیل ہمارے ہاں ماضی بعید سے ہی درد کا ایک مؤثر علاج تصور کیا جاتا ہے اور اکثر مریض اس سے شفایاب بھی ہوتے ہیں۔ دیکھا گیا ہے کہ عام طور پر جب کسی کو دردیں وغیرہ ہوں جوڑوں میں یا کمر وغیرہ میں تو لوگ زیتون کے تیل کی مالش کو ترجیح دیتے ہیں۔ اس کے پیش نظر امریکہ میں فلاڈیلفیا کے ایک تحقیقی ادارے نے اس پر تحقیق مکمل کی ہے۔ اس تحقیق سے یہ معلوم ہوا ہے کہ تیل میں موجود ایک کیمیائی مادہ درد کی شدت کم کرنے والی ادویات کا اثر رکھتا ہے۔ زیتون کے تیل کی 50 گرام مقدار بروفن کی ایک خوراک کے دسویں حصے کے برابر اثر کرتی ہے۔ جب کہ اس کا ایک جزو جسم میں ہونے والی سوجن کو ختم کرتا ہے اس کے علاوہ اس میں سر درد کو ختم کرنے کی صلاحیت بھی پائی جاتی ہے تاہم اس کی شدت اور تاثیر ویسی نہیں ہے جو اس وقت مروجہ ادویات کی ہے۔ اس کے علاوہ اس میں دل کی بیماریوں، چھاتی اور پھیپھڑوں کے سرطان کے خلاف مدافعت پیدا کرنے کی صلاحیت بھی موجود ہے۔ اس کے تیل میں ایسے کیمیائی عناصر پائے جاتے ہیں جو نہ صرف معدہ کی جھلی کو مضبوط بناتے ہیں بلکہ تیزابی مادہ کے اثرات کو زائل کرنے میں تریاق کا اثر رکھتے ہیں۔ زیتون کے تیل میں روغنی اجزاء نہایت افراط سے پائے جاتے ہیں اور اس کو گھی اور چربی کے نعم البدل کے طور پر بآسانی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ زیتون کا تیل جگر کے امراض کا نہایت ارزاں اور مؤثر علاج بھی ہے۔ غرض کہ قدرت نے زیتون کے تیل میں طبی نقطہ نگاہ سے ایسے اوصاف رکھے ہیں جس کے باعث اس کو متعدد امراض کے لئے اکسیر قرار دیا جاتا ہے۔

تحقیقاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق زیتون، انٹی ایکسیڈنٹ کی خصوصیت کا حامل ہے تاہم یہ ثابت نہیں ہوا کہ زیتون کسی دوائی کا نعم البدل ہے یا نہیں۔ لیکن ماہرین نے اس ضمن میں اپنی تحقیق بند نہیں کی۔ رپورٹ میں یہ بھی لکھا ہے کہ تازہ زیتون کھانے سے گلے میں بالکل ویسی خراش ہوتی ہے جیسی کہ بروفن کھانے سے ہوتی ہے مگر اس میں بائیو ایکٹو مرکبات بھی خاصے پائے جاتے ہیں جن کے بارے میں یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ وہ کیا کام کرتے ہیں۔

ڈبوں میں فروخت ہونے والی سارڈین اور دوسری مچھلیاں محفوظ رکھنے کے لئے زیتون کے تیل میں رکھ کے پیک ہوتی ہیں جس سے وہ سالہا سال تک محفوظ ہو جاتی ہیں۔ اس تیل کی منفرد خصوصیت یہ بھی ہے کہ بوتل خواہ کھلی بھی رکھی جائے اس پر چیونٹیاں نہیں آتیں اور اسے جب دیئے میں جلایا جائے تو یہ دوسرے تیلوں کی طرح دھواں نہیں دیتا۔

زیتون کا تیل پرزوں کی چکنا ہٹ (Lubrication) اور روغن سازی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس ضمن میں عرب ممالک میں یورپ اور امریکہ میں اس کا استعمال بہت زیادہ ہے۔ صنعتی استعمال کے لئے یہ خوردنی تیل کے استخراج کے بعد نکالا جاتا ہے۔ اس کی برآمد زیادہ تر بحیرہ روم کے خطے میں واقع ملکوں سے ہوتی ہے۔

الغرض اللہ تعالیٰ نے اس پھل میں بیشمار خصوصیات رکھی ہوئی ہیں۔ اس کے استعمال کا فائدہ ہی فائدہ ہے اور یہ کسی نعمت عظمیٰ سے کم ہرگز نہیں ہے۔

(بقیہ صفحہ 5)

کارپوریٹیو بجٹ:

